سر سید ماڈل سکول اینڈ کالج ہری پور

تعلیمی سیشن 2025-24کے لیئے چند اہم گزارشات

1- ایک بارطے شدہ فیس اور دیگر واجبات دوران سیشن ہر گز تبدیل نہیں ہوں گےسیشن کے دوران 12 ماہ کی فیس کی ادائیگی لازم ہے۔
تا ہم اگر سیشن میں اضافہ ہوا تو اضافی مہینوں کی فیس ادا کرنی پڑے گی۔

2- تعلیمی سلسلہ منقطع کرنے کی صورت میں کوئی بھی ادا شدہ فنڈز نا قابل واپسیNon-Refundableہوں گے۔

3- FSC Part (I&II)کے دوران کل طے شدہ فیس 8 اقساط میں لی جائے گی۔

4- ہر ماہ کی 07تاریخ تک فیس کی ادائیگی لازم ہے۔عدم ادائیگی کی صورت میں بنک جرمانہ لینے کا مجازہو گا۔

5- تین ماہ تک فیس ادا نہ ہونے کی صورت میں طالب علم / طالبہ کا نام خارج کر دیا جائے گا۔جبکہ دوبارہ داخلے (Registration Fee) کے لیے بقایا جات کے علاوہRegistration Fee 5000 -/یکمشت جمع کروانا پڑے گی۔
لہذا اس زحمت سے بچنے کے لیے ہر وقت فیس کی ا دائیگی یقینی بنائیں۔

6- Tuition Fee سکول میں ہر گز وصول نہیں کی جائے گی۔

7- ادارے کے قواعد و ضوابط کی پابندی لازم ہے۔طلباء و طالبات کی بہتری کیلئے وقتاً فوقتاً اٹھائے جانے والے اقدامات اور ادارے کے قواعد
و ضوابط پر بحث نا قابل قبول ہو گی۔

8- بورڈ کے قواعد و ضوابط کے تحت 85%سے کم حاضری والے طالب علم کا داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔

9- مسلسل تین یوم بغیر اطلاع غیر حاضری پر نام خارج کر دیا جائے گا۔(Registration5000(روپے جمع کروانے کے بعد کلاس
میں بیٹھنے کی اجازت ہو گی۔

10- لڑائی جھگڑے اور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں ہو گی۔اس حوالے سے ڈسپلن کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا۔جو سکول و کالج سے
اخراج بھی ہو سکتا ہے۔

11- کسی بھی قسم کا اسلحہ،تیزدھار آلات،موبائل فون اور نشہ آور چیزیں (ہر قسم) کالج حدود میں لانا سخت منع ہے۔خلاف ورزی کی صورت میں انضباطی
کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔جوسکول سے اخراج بھی ہو سکتا ہے

12- موسم کے لحاظ سیمکمل یونیفارم بشمول سکول شوز کی پابندی انتہائی ضروری ہے۔مکمل یونیفارم کے بغیر بچے/بچی کو کلاس میں بیٹھنے کی
اجازت نہیں ہو گی۔

13- ہفتے میں دو دن سپورٹس کٹ پہننا لازمی ہو گا۔

14- کسی مستقل بیماری کی صورت میں ادارے کی انتظامیہ کو آگاہ کرنا لازم ہو گا۔

15- فیسوں میں کمی یا سکالر شپ کے لیے والدین کو باقاعدہ تحریری درخواست دینا ہو گی۔جس پر BOGکی منظوری کے بعد ہی کسی طالب علم یا
طالبہ کو سکالر شپ یا فیس میں رعایت دی جا سکے گی۔تاہم سکالر شپ یا فیس میں کمی صرف تین ماہ کے لیے ہو گی۔80%کار کردگی نہ دکھانے
کی صورت میں رعایت اور سکالرشپ خود بخود ختم ہو جائے گا۔

16- کسی بھی عدالتی حکم یا کسی بھی اتھارٹی کے فیصلے کی صورت میں فیس میں کمی یا سکالر شپ کو ختم کرنے کا اختیار BOGکے پاس موجود ہو گا۔

17- فیسوں میں کمی کے کسی بھی قانون یا عدالتی حکم کا اطلاق مکمل فیس پر ہو گا۔رعایتی فیس یا سکالر شپ کی صورت میں کسی طرح کی مزید معافی،
رعایت یافیس کی واپسی نہیں ہو گی۔

18- کسی بھی فیصلے کے خلاف عدالت یا کسی بھی اتھارٹی میں قانونی کاروائی کیلئے درخواست نہیں دی جا سکے گی۔
19- بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی وقت اپنے کسی بھی فیصلے کو بغیر وجہ بتائے ختم یا اس پر نظر ثانی کر سکتا ہے جن کے
اختیارات کو کسی بھی عدالت یا اتھارٹی میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔
20- سکالر شپ یا رعایتی فیس کے لیے ہر تین ماہ بعد والدین کی طرف سے سکالر شپ یا رعایتی فیس کو جاری رکھنے کی تحریری درخواست دینا ہو
گی۔ جس پر BOG بچے کی تعلیمی کار کردگی حاضری اور ڈسپلن کو پیش نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرے گا۔
21- ہر ماہ کے آخری ہفتے کوPTM(پیرنٹس ٹیچر میٹنگ)میں والدین لازماً شریک ہو کراپنے بچے کی تعلیمی کارکردگی سے آگاہی حاصل کریں گے۔
22- دو بار نام خارج ہونے کو سکول سے مستقل اخراج تصوّر کیا جائے گا۔اور دوبارہ داخلہ نہیں دیا جائے گا۔
23- تمام اساتذہ چھٹی کے بعد ۴۰ منٹ تک سکول میں ہی موجود رہتے ہیں۔بچوں کی تعلیمی کارکردگی،حاضری و دیگرمعلومات کے حصول کے لیے ملاقات صرف چھٹی کے بعد ہو گی۔دوران پیریڈ کسی ٹیچر کو ملاقات کیلئے نہیں بلایا جائے گا۔
24- کسی بھی اکیڈمی میں ایڈمشن لینےسے پہلے اسکول سے مشورہ کریں۔

محترم والدین:-

درج بالا تمام اقدامات تعلیمی ما حول کو برقرارارکھنے اور آپ کے بچے/ بچی کی تعلیمی بہتری کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں۔اس سلسلے میں آپ کا بے مثال تعاون درکارہے۔ امید ہے کہ ہمیشہ کی طرح اس سال بھی بھرپور تعاون کریں گے۔ہم بھی آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ اپنے طلباء و طالبا ت کی تعلیمی بہتری کیلئے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائیں گے تا کہ آپ کے اعتماد پر پورااتر سکیں نیز آپ کی ہر مثبت رائے/تجویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

نام طالب علم:-------------------------------ولدیت:------------------------------جماعت:-------------

نام و دستخط سر پرست:-- شناختی کارڈ نمبر:----------------------------

موبائل نمبر:(۱)-------------------------(۲)---------------------- (3) واٹس ایپ نمبر:--------------------

ایم ڈی (سر سید ماڈل سکول اینڈ کالج)

تاریخ:------------------

ڈائریکٹر فنانس (سر سید ماڈل سکول اینڈ کالج)

سر سید ماڈل سکول اینڈ کالج